**01.06.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............. ضمیر رضوی

**Music**

-------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی اور میانما کے صدر U Min Aung Hlaing نے نئی دلّی میں مذاکرات کئے۔ دونوں لیڈروں نے ایک دوسرے کے سکیورٹی مفادات کے خلاف اپنی سرزمین کے غلط استعمال کی روک تھام پر زور دیا۔

☆ بھارت—عُمان جامع اقتصادی شراکت داری کے معاہدے پر عمل آوری شروع ہوگئی ہے۔ عُمان کی ٹیرف لائن کے 98فیصد پر بھارتی برآمدات کاروں کو ڈیوٹی فری رسائی مل گئی ہے۔

☆ بھارت اور آسٹریلیا مستقبل پر مبنی ٹیکنالوجی تحقیق میں دفاعی صنعتی شراکت داری کو فروغ دیں گے۔

☆ ملیشیا اُن ممالک میں شامل ہوگیا ہے جنھوں نے 16سال سے کم عمر کے بچوں کیلئے سوشل میڈیا کے استعمال کو ممنوع کردیا ہے۔

☆ اور راجستھان، گجرات، مغربی مدھیہ پردیش، اڈیشہ اور ساحلی آندھراپردیش میں کل تک کیلئے گرج چمک اور تیز آندھی کے سلسلے میں اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***MEA Briefing Myanmar***

وزیر اعظم نریندر مودی اور میانما کے دورے پر آئے ہوئے صدر U Min Aung Hlaing نے آج باہمی امور کے تمام معاملات پر ترسیلی مذاکرات کئے جس میں تجارت اور اقتصادی تعلقات، دفاع اور سکیورٹی سے متعلق معاملات، سرحدوں کا بندوبست، ترقی میں تعاون، ثقافتی تبادلے اور علاقائی صورتحال شامل ہیں۔ دونوں لیڈروں کے درمیان مذاکرات کے بعد نئی دلّی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے بتایا کہ دونوں ملکوں نے قریبی تعاون کو فروغ دینے میں دلچسپی کا اظہار کیا، بالخصوص تجارت اور سرمایہ کاری، ترقیاتی تعاون، صحت، تعلیم اور توانائی کے شعبوں میں تعاون کو بڑھانے پر دلچسپی ظاہر کی گئی۔

خارجہ سکریٹری نے بتایا کہ وزیر اعظم نے میانما کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تئیں بھارت کی حمایت کی توثیق کی اور دونوں ملکوں نے ایسی سرگرمیوں کیلئے اپنے علاقے کے غلط استعمال کی روک تھام کی اہمیت کو اجاگر

کیا جو دونوں کے سکیورٹی مفادات کیلئے نقصان دہ ہوں۔ جناب مسری نے کہا کہ میانمار کے صدر نے اِس یقین دہانی کو دوہرایا کہ میانمار کی سرزمین کو بھارت کے سکیورٹی مفادات کے خلاف استعمال کئے جانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ جناب مسری نے کہا کہ میانمار ایک اہم ملک ہے اور ایک ایسا پڑوسی ہے جس کے ساتھ بھارت کی سرحد ایک ہزار 643 کلو میٹر پر مشتمل ہے۔

یہ بھارت کی پڑوسی کو اوّلیت دینے، Act East نیز مہاساگر اور بھارت–بحرالکاہل پالیسیوں میں مرکزی حیثیت رکھتاہے۔ بھارت اور میانمار کے درمیان باہمی تجارت تقریباً دو ارب ڈالر پر مشتمل ہے۔x

## *Prez Myanmar Prez*

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج کہا کہ بھارت کی پڑوسی پہلے، Act East اور مہا ساگر جیسی پالیسیوں میں میانمار ایک اہم شراکت دار ہے۔ راشٹرپتی بھون میں میانمام کے صدر U Min Aung Hlaing کا خیرمقدم کرتے ہوئے، صدر مرمو نے کہا کہ بھارت اور میانمار کے ثقافتی، تہذیبی اور روحانی تعلقات صدیوں پرانے ہیں۔ بھارت سے میانمار کے گہرے رشتے کی نشاندہی کرتے ہوئے، صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ بھارت اور میانمار کے درمیان مشترکہ سرحد ہونے کی وجہ سے میانمار، جنوب مشرقی ایشیا میں رسائی کا ذریعہ بھی ہے۔x

## *Goyal India Oman CEPA*

کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت–عُمان جامع اقتصادی شراکت داری معاہدہ CEPA، جس پر 6مہینے قبل دستخط کئے گئے تھے، آج سے نافذ العمل ہوگیا ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ CEPA صرف کوئی تجارتی معاہدہ نہیں ہے بلکہ یہ تہذیبی روایتوں پر اعتماد کا ایک بیانیہ ہے۔ جناب گوئل نے کہا کہ یہ جامع معاہدہ عُمان کے ساتھ بھارت کے تعلقات کو نئی رفتار عطا کرے گا۔مرکزی وزیر نے مطلع کیا کہ پہلے ہی دن بھارت کو عُمان کے ٹیرف خطوط کے 98فیصد تک ڈیوٹی فری رسائی حاصل ہوجائے گی اور یہ عُمان کیلئے بھارت کی 99فیصد برآمدات کا احاطہ کرتے ہیں۔

وزیر موصوف نے اطلاع دی کہ مختلف سازوسامان پر مشتمل کئی کھیپ ممبئی، کولکاتہ اور چنئی سے آج پانی کے جہاز سے روانہ ہو رہی ہیں جو کہ اِس معاہدے پر عمل آوری کی علامت ہے۔ CEPA کے تحت کئی اہم حصولیابیوں کو اجاگر کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ US FDA، یوروپین میڈیسن ایجنسی یا UK MHRA سے منظور شدہ بھارت کی جینرک دواؤں کو اب 90دن کے اندر عُمان میں مارکیٹ اتھارائیزیشن مل جائے گا۔ جناب گوئل نے اِس بات کا بھی ذکر کیا کہ بھارت–عُمان معاہدہ بھارت کے 9 آزاد تجارتی معاہدوں کا حصہ ہے، جو 38ملکوں کا احاطہ کرتا ہے اور جسے پچھلے ساڑھے تین سال میں قطعی شکل دی گئی ہے۔x

## *Inter Ministerial*

حکومت نے ملک بھر میں پیٹرول اور ڈیزل کے خاطر خواہ اسٹاک کی دستیابی کی بات کو پھر دوہرایا ہے۔

مغربی ایشیا کی موجودہ صورتحال کے بارے میں نئی دلّی میں بین وزارتی بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے، پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری سُجاتا شرما نے کہا کہ سبھی خردہ آؤٹ لیٹس پر پیٹرول اور ڈیزل کی حسب معمول فراہمی برقرار رکھنے کیلئے سبھی تیل مارکیٹنگ کمپنیاں سرگرم طریقے سے پیٹرول اور ڈیزل کے ذخیرے کو پورا کررہی ہیں۔ LPG سپلائی پر محترمہ شرما نے بتایا کہ گذشتہ تین دن کے دوران ایک کروڑ 21لاکھ سے زیادہ بکنگ ہوئی ہیں۔

**SB - 2115 - Sujata Sharma**

## Commercial LPG Price

ہوٹلوں، ریسٹورینٹ اور دیگر کاروباری اداروں کے استعمال میں آنے والے 19 کلو گرام کے کمرشل LPG سلنڈر کی قیمت ملک بھر میں بڑھا دی گئی ہے۔ البتہ گھروں میں استعمال ہونے والی رسوئی گیس کی قیمت میں کوئی کمی نہیں کی گئی ہے۔ کمرشل LPG سلنڈر کی قیمت میں دلّی 42روپئے کا اضافہ ہوا ہے اور اب یہ سلنڈر تین ہزار 113روپئے پچاس پیسے کا ہوگیا ہے۔x

## Govt 12 Yrs Welfare of Farmers

وزیرِ اعظم نریندر مودی کی دور اندیش قیادت میں پچھلے 12سال کے دوران، بھارت، ''سب کا ساتھ، سب کا وِکاس، سب کا وِشواس اور سب کا پریاس'' کے نظریے کے تحت قابلِ ذکر یکسر تبدیلی کے دور سے گزرا ہے۔ اِس عرصے میں مودی حکومت نے غریبوں، کسانوں، خواتین اور نوجوانوں کی فلاح و بہبود اور انہیں بااختیار بنانے کیلئے کئی فلیگ شپ اقدامات کئے۔ آکاشوانی نیوز، گذشتہ 12سال کے دوران اہم شعبوں میں حکومت کی کوششوں پر خصوصی فیچر پیش کررہا ہے۔ اس کے تحت آج کسانوں کی بہبود کے تئیں حکومت کے اقدامات پر روشنی ڈالی جائے گی۔ پیش ہے ایک رپورٹ ...

**VC - Anand Kumar**

نریندر مودی حکومت نے گذشتہ 12سال کے دوران کسانوں کی فلاح و بہبود اور اُن کی آمدنی میں اضافے کیلئے کئی اقدامات کئے ہیں۔ اِن فیصلوں میں سب سے اہم فیصلہ پی ایم کسان اسکیم کا آغاز ہے، جو کہ ملک میں فلاح و بہبود کا سب سے بڑا قدم ہے۔ کسانوں کو پردھان منتری کسان سمّان ندھی اسکیم کے تحت سالانہ چھ ہزار روپے سیدھے اُن کے بینک کھاتوں میں فراہم کئے جاتے ہیں۔ اِس کے تحت تقریباً ساڑھے 9 کروڑ کسان کنبوں کو چار لاکھ 28ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم منتقل کی گئی ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے، اترپردیش کے ایودھیا کے کسان دِنیش کمار جیسوال نے بتایا کہ کسان سمّان ندھی یوجنا کسانوں کیلئے بے حد فائدہ مند ثابت ہورہی ہے۔

**SB - 2115 - Dinesh Kumar Jaiswal**

مختلف ذرائع کے ذریعے کسانوں کی آمدنی میں اضافے کیلئے پی ایم متسیہ سمپدا یوجنا اور مویشی پروری کے

قومی مشن جیسی اسکیموں کا آغاز کیا گیا۔ پی ایم کرشی سینچائی یوجنا اور سوائل ہیلتھ کارڈ اسکیم جیسی کوششوں نے سینچائی کو مستحکم کیا اور مٹی کی پیداواریت میں اضافہ کیا۔

سال 2014-15 سے اِس سال مارچ کے مہینے تک تقریباً 26 کروڑ سوائل ہیلتھ کارڈ جاری کئے گئے ہیں۔ وہیں فصل بیمہ یوجنا نے ایک لاکھ 92ہزار کروڑ روپے مالیت کے فصل بیمہ دعوں کے تصفیے کے ذریعے تقریباً 23 کروڑ کسانوں کی مدد کی ہے۔

پردھان منتری کسان مان دھن یوجنا، چھوٹے اور حاشیہ بردار کسانوں کو تین ہزار 300روپے کی ماہانہ یقینی پنشن فراہم کررہی ہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے، اترپردیش سے تعلق رکھنے والے استفادہ کنندہ نے اسکیم کی تعریف کرتے ہوئے، اِسے کسانوں کیلئے فائدہ مند بتایا کیونکہ یہ اُن کے گزر بسر میں مدد کررہی ہے۔

**SB - 2115 - Gaurav Tyagi**

فصلوں کی کم از کم امدادی قیمت، MSP، کسانوں کیلئے لائف لائن بن گئی ہے کیونکہ حکومت نے پیداواری لاگت کا ڈیڑھ گنا MSP مقرر کی ہے۔ حکومت کی پالیسی مدد کی بدولت غذائی اجناس کی مجموعی پیداوار سال 2013-14 کے 265ملین ٹن سے بڑھ کر سال 2024-25میں تقریباً 358ملین ٹن ہوگئی ہے۔

بھارت، چین کو پیچھے چھوڑتے ہوئے، 154ملین ٹن سے زیادہ چاول کی ریکارڈ پیداوار کے ساتھ، چاول اگانے والا دنیا کا سب سے بڑا ملک بن گیا ہے۔ بھارتی کسان آج محض کاشت کار نہ رہ کر قومی ترقی کے کلیدی محرک بن گئے ہیں۔

نئی دلّی سے آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

## SC NEET

سپریم کورٹ نے آج اُس عرضداشت کی سماعت سے انکار کردیا جس میں NEET-UG-2026 کے دوبارہ ہونے والے امتحان کو موجودہ کاغذ قلم فارمیٹ کے بجائے کمپیوٹر پر مبنی جانچ کی صورت میں منعقد کرانے کی درخواست کی گئی تھی۔ جسٹس پی سی نرسمہا اور اروِند کمار کی ایک بینچ نے کہا کہ دوبارہ ہونے والے امتحان کو کمپیوٹر پر مبنی جانچ CBT Mode میں منعقد کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کیونکہ نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی NTA امتحان کی منسوخی کے بعد پہلے ہی مختلف چیلنجوں کا سامنا کر رہی ہے۔x

## UP HC Lok Adalats

الہٰ آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ سامنے آیا ہے کہ طلاق کے سلسلے میں Decrees جاری کرنا لوک عدالتوں اور ضلع لیگل اتھارٹیز کے دائرۂ اختیار میں نہیں آتا۔ ہائی کورٹ نے مزید کہا کہ شادی کو منسوخ کرنے کا اختیار پوری طرح سے فیملی کورٹس کے پاس ہے۔ ایک خاتون کی جانب سے اُناّؤ کی ضلع لیگل سروسز اتھارٹی، DLSA کے سال 2018 کے حکم کو چیلنج کرنے والی عرضداشت کی سماعت کے دوران الہٰ آباد ہائی کورٹ کی لکھنؤ بینچ نے یہ بات کہی

ہے۔ عرضی گزار کا الزام تھا کہ اُس کے شوہر نے سیٹلمنٹ ریکارڈ کو **DLSA** کے سامنے طلاق **Decree** کے طور پر پیش کیا اور اِسے دوبارہ شادی کرنے کی بنیاد بنایا۔**x**

## India Australia Defence

بھارت اور آسٹریلیا نے آج علاقائی پارٹنروں کے ساتھ تعاون کو فروغ دینے کی اہمیت کی توثیق کی ہے تاکہ ایک آزاد، کھُلے، پُرامن، مستحکم اور خوشحال بھارت – بحرالکاہل کو برقرار رکھنے میں مدد مل سکے۔ نئی دلّی میں دوسرے بھارت – آسٹریلیا وزراء دفاع مذاکرات کے دوران، دونوں ملکوں نے **Navigation** اور **Overflight** کی آزادی اور خطے میں بلارکاوٹ تجارت کیلئے اپنی مضبوط حمایت اور بین الاقوامی قانون کے مطابق سمندر کے دیگر قانونی استعمال کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

اِس میٹنگ کی مشترکہ صدارت وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور آسٹریلیا کے نائب وزیر اعظم اور وزیر دفاع **Richard Marles** نے کی۔ ایک بیان میں وزارت دفاع نے بتایا کہ دونوں ملکوں نے سمندری سرحد کی سکیورٹی کے باہمی تعاون میں پیشرفت اور سمندری سرحد کی سکیورٹی اشتراک کے مشترکہ لائحۂ عمل کو قطعی شکل دینے کے معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

وزرا نے اعلان کیا کہ بھارت اور آسٹریلیا دفاعی صنعتی شراکت داری کو مستحکم کرنے کے اگلے قدم کے طور پر دفاعی آرٹیکل اور دفاعی سروسز کی شقوں کے متعلق ایک مفاہمت نامے کی تیاری شروع کریں گے۔ دونوں وزیر **Sensor** ٹیکنالوجی جیسے ٹیکنالوجی کے نئے شعبوں میں مستقبل کی دفاعی سائنس اور ٹیکنالوجی کی تحقیق میں تعاون کو آگے بڑھانے کے خواہش مند ہیں۔

## Cabinet Expansion

مغربی بنگال کابینہ میں **35** نئے وزیروں کی شمولیت کے ساتھ آج توسیع کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں کولکتہ کے لوک بھون میں آج حلف برداری کی تقریب منعقد ہوئی۔ گورنر آر این روی نے وزرا کی کونسل میں شامل ہونے والے نئے ارکان کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ وزیر اعلیٰ شوبھیندو ادھیکاری دیگر سیاسی لیڈروں کے ساتھ اِس تقریب میں موجود تھے۔ آج کابینی وزرا کے طور پر حلف لینے والی شخصیات میں سوپن داس گپتا، ارجن سنگھ، تپس رائے، شنکر گھوش اور دیگر شامل ہیں۔**x**

## TMC Expel

ترنمول کانگریس نے اپنے دو قانون سازوں **Sandipan Saha** اور **Ritabrata** بنرجی کو پارٹی مخالف سرگرمیوں، اہم میٹنگوں سے غیر حاضر رہنے اور پارٹی قیادت کے متعلق نکتہ چینی کرنے والے عوامی بیانات دینے کے سلسلے میں پارٹی سے معطل کردیا ہے۔ **2026** کے مغربی بنگال اسمبلی انتخابات میں **TMC** کی شکست کے بعد اندرونی خلفشار کے دوران یہ فیصلہ سامنے آیا ہے۔**x**

## Malaysia Social Media Ban

ملیشیا بچوں کے ذریعے سوشل میڈیا کے استعمال پر عمر پر مبنی پابندیاں عائد کرنے والا ایک نیا ملک بن گیا ہے۔ آج سے نافذ ہونے والے نئے ضابطوں کے مطابق 16سال سے کم عمر کے بچوں کو سوشل میڈیا اکاؤنٹس بنانے کی اجازت نہیں ہوگی اور پلیٹ فارمز کو عمر کی تصدیق سے متعلق نظام اور بچوں کی تحفظ کی خصوصیات پر عمل کرنا ہوگا۔

اِن اقدامات کا مقصد بچوں کو نقصان پہچانے والے مشمولات، Cyberbullying اور آئن لائن ڈیزائن کی لَت لگ جانے سے محفوظ رکھنا ہے۔ وہ کمپنیاں جو اِس ضابطے پر عمل آوری نہیں کریں گی اُنھیں ایک کروڑ Ringgit تک کے جرمانوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

اب تک آسٹریلیا، انڈونیشیا اور ملیشیا نے سوشل میڈیا تک بچوں کی رسائی پر پابندیوں کو متعارف کرایا ہے جبکہ برازیل نے والدین کی سخت ترین نگہداشت اور عمر کی تصدیق سے متعلق اقدامات پر عمل شروع کردیا ہے۔x

## IIP MOPSI

بھارت کی صنعتی پیداوار میں اپریل 2025 کے مقابلے اپریل 2026میں چار اعشاریہ نو فیصد کی ترقی ہوئی ہے۔ یہ ترقی مینوفیکچرنگ سیکٹر میں عمدہ کارکردگی کی وجہ سے ہوئی۔ اعداد وشمار اور پروگرام پر عمل آوری کی وزارت نے بتایا کہ یہ اعداد وشمار صنعتی پیداوار کے نظرِثانی شدہ اشاریے IIP سیریز پر مبنی ہیں، جس کا بنیادی سال 2022-23ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ اِس ماہ کے دوران چھ اعشاریہ دو فیصد ترقی ریکارڈ کی گئی ہے۔x

## ED Gian Sagar Trust

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے گیان ساگر تعلیمی اور چیریٹیبل ٹرسٹ سے وابستہ 14غیر منقولہ املاک کو عبوری طور پر قرق کرلیا ہے جس کی مالیت تقریباً ایک ہزار 600 کروڑ روپئے ہے اور جو پنجاب کے رام نگر میں واقع ہے۔ کالے دھن کو جائز بنانے کی روک تھام سے متعلق ایکٹ کی شقوں کے تحت ایسا کیا گیا ہے۔ ایجنسی نے بتایا کہ اُس نے بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری سے متعلق جعلسازی کی اِن دنوں جاری تحقیقات کے سلسلے میں اِن املاک کو قرق کیا ہے۔x

## Manohar Lal BRICS Urbanisation

بھارت، نئی دلّی میں تیرھویں BRICS شہرکاری فورم کی میزبان کرے گا۔ یہ دو روزہ فورم اِس ماہ کی 11 تاریخ سے شروع ہو رہا ہے۔

شہرکاری فورم کا موضوع ہے ”عوام کیلئے شہر: سب کی شمولیت والے اور مزاحم مستقبل کے شہر کیلئے BRICS تعاون“۔ مکانات اور شہری امور کے وزیرمنوہر لال نے نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس میں آج اِس بات کا اعلان کیا۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے کل تک راجستھان، گجرات، مغربی مدھیہ پردیش، اڈیشہ اور ساحلی آندھرا پردیش میں گرج چمک اور تیز آندھی کی صورتحال کے پیشِ نظر اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کی ایجنسی نے وسطی کرناٹک، کیرالہ، ماہے، لکشدیپ، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل میں شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمے نے ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، اتراکھنڈ، مغربی اتر پردیش، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی علاقے اور سکم میں گرج چمک، بجلی گرنے اور تیز ہوائیں چلنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ کونکن، گوا، لکشدیپ، مہاراشٹر، رائل سیما، سوراشٹر اور کچھ ، تلنگانہ اور انڈمان اور نکوبار میں بھی کل تک گرج چمک کے ساتھ بجلی گرنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆